الحکم للہ والملک للہ

لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۰ رجمادی الثانی ۱۳۳۴ھ مطابق ۲۴ اپریل ۱۹۱۶ء	نمبر ۱۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	نسبت ٹکٹ طلبی اشتد کیک سلسلہ	۱و۲
۲	تبادل و ترقی و تقرر بعض ملازمان مال	۲و۳
۳	رخصت نائب تحصیلدار ملک اسپور	۳
۴	رخصت بابو بہاری لال اہلمد	۳
۵	رخصت صاحبزادہ سید ظفر احمد خان	۳
۶	رخصت صاحب مجسٹریٹ بہادر ضلع	۳
۷	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۹ اپریل ۱۹۱۶ء

جن مثلونکا حوالہ کاغذات مین ہر وہ ایک ہی سلسلہ کی ہین۔ لہذا بموجب قاعدہ ۶۲ قواعد حامدیہ ایک روپیہ کا ٹکٹ طلبی کافی ہے اور آئندہ بھی مطابق قواعد حامدیہ عمل رہنا چاہیے۔ کاغذ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہون۔

اعلیحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

کاغذات ہر رشتہ مین عدالت ججی سے ایک مقدمہ مین بستہ جات فریق پر چند اسناد طلب ہین - اور ٹکٹ طلبی مثل ایک روپیہ کا ہے - محافظ خانہ صدر سے یہ کہا گیا کہ تین روپیہ کا ٹکٹ اور داخل ہو جائے تو چاروں اسناد مطلوبہ بھیجی جائین - عدالت ججی اور جوڈیشلی سے یہ تحریر آئی کہ بنشاء قاعدہ ۶۲ قواعد حامدیہ جبکہ اسناد ایک ہی سلسلہ مین ہون تو فی مثل ایک روپیہ کا ٹکٹ ہوگا - یہ اسناد ایک ہی سلسلہ کی ہین لیکن محافظ دفتر صدر کی رپورٹ ۴ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء مفصل ہے جسکے ہمراہ اصل سرکلر مشتہرہ گزٹ ۲۰ ستمبر سنہ ۱۸۹۹ء عہد کونسل بھی شامل ہے جسکے حرف الف مین عمومیت کے ساتھ ہر مثل پر ایک روپیہ کا ٹکٹ لیا جانا لکھا ہے - محافظ خانہ صدر مین اسی پر عمل درآمد ہے - اور محافظ دفتر صدر نے یہ بھی عرض کیا ہے - قاعدہ ۵ قواعد حامدیہ کی رو سے جو احکام سابق منسوخ ہوے ہین جو متعلق رسوم عدالت ہین یہ فیس طلبی مثل کی اس سے جدا ہے - چونکہ طرز عمل محافظ خانہ صدر اور قاعدہ ۶۲ جدا جدا صورت پر ہے لہذا جملہ کاغذات برائے صدور حکم ابلاغ حضور ہین - جسطرح اس بارہ مین ارشاد ہو تعمیل کیجائے -

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

چونکہ منشی فدا علی پیشکار اجلاس صاحب اسسٹنٹ اپنی سابقہ تنخواہ ... ماہوار پر رجسٹراری پر واپسی چاہتے ہین اور بجائے اُنکے صاحب اسسٹنٹ سید جعفر علی اہلمد کو پیشکاری پر لینا چاہتے ہین - اس انتظام کی اجلاس ہمایون سے منظوری ۸ اپریل کو صادر ہو چکی ہے -

لہذا حکم ہوا کہ

منشی سید جعفر علی اہلمد اپیل اجلاس مشاہرہ وار ... ماہوار تیس روپیہ ماہوار پر پیشکاری اسسٹنٹی پر تبدیل ہون - تاریخ لینے چارج سے سید جعفر علی تیس روپیہ ماہوار تنخواہ پائینگے - فدا علی پیشکار اسسٹنٹی اپنی سابقہ تنخواہ ... ماہوار پر رجسٹراری ملک پر تبدیل ہو - پیارے لال رجسٹرار قانونگوی ملک اپنی موجودہ تنخواہ پر بجائے کشن کنور رجسٹرار قانونگوی بلاسپور تبدیل ہو - کشن کنور رجسٹرار بلاسپور اپنی موجودہ تنخواہ پر رجسٹرار قانونگوی نانکہ پر تبدیل کیا جائے - کشن کنور کا کام جسکا دورہ میں نے خراب ملاحظہ کیا - بالخصوص کاغذی کام رجسٹر اسیفہ بالکل نامکمل و بے ترتیب تھا لہذا کشن کنور کو ہدایت کیجاتی ہے کہ اپنا متعلقہ کام محنت و مستعدی کی انجام دے اگر نانکہ مین اُسکی شکایت ہوئی تو اُسکے متعلق حکم مناسب دیا جائیگا - جب مہتمم بندوبست ۳ ماہ کے بعد تحقیق کر کے اطلاع دینگے کہ کشن کنور نے کیسا کام انجام دیا - بجائے سید جعفر علی اہلمد اپیل - محمد جانخان اہلمد باضافہ دو روپیہ ماہوار ... ماہوار پر جو سید جعفر علی کو ملتے تھے منتقل کیا جائے - اور بجائے محمد جانخان شانتا پرشاد اہلمد ورثہ اضافہ ہو کر تیس روپیہ ماہوار پر منتقل ہو - اور بجائے شانتا پرشاد اہلمد محمد رضا خان اہلمد نزول متعلقہ صدر ... ماہوار پر اجلاس مین تبدیل ہو - بجائے محمد رضا خان اہلمد جوالا پرشاد معاون مشاہرہ دار ... ماہوار ... ماہوار پر جو محمد رضا خان کو ملتے تھے اہلمد نزول مقرر کیا جائے محمد رضا خان کو اجلاس مین اور جوالا پرشاد کو اہلمد نزول کا کام محنت و مستعدی و دیانتداری انجام دینا چاہیے - اگر کام کی شکایت ہوئی تو حکم مناسب دیا جائے گا - بجای جوالا پرشاد نہال الدین خان معاون صدر ... ماہوار پر منتقل ہو - اور بجای نہال الدین خان مشاہرہ وار ... کمی غلام ربانی بمشاہرہ ... ماہوار

معاون مقرر کیا جائے۔ نہال الدین کا اضافہ و غلام ربانی کا تقرر سلسلہ وار لکھا گیا ہے۔ لیکن ان ہر دو اہلکاران سے جس مد پر مناسب ہو کام لیا جائے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ نقل روبکار ہذا بخدمت صاحب مہتمم بندوبست مرسل ہو۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۵ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

رخصت ایک ہفتہ یوسف علیخان نائب تحصیلدار رامپور من ابتدائے ۱۵ لغایت ۲۱ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء منظور کیگئی۔ بوجہ علالت

۱۸ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

رخصت دس یوم بانکے بہاری لال اہلمد اجلاس ۲۲ اپریل سنہ ۱۶ء سے بضرورت شرکت شادی بمقام بجنور منظور کیگئی۔

رخصت

۱۹ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

رخصت مزید دو ماہ صاحبزادہ سفیر احمد خان اہلمد دفتر انگریزی کی بلاتنخواہ بانتظام سابقہ منظور کیگئی۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۱۹ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

منشی خان بہادر سید رضا حسین صاحب مجسٹریٹ ضلع کی رخصت ایک ہفتہ ۲۵ اپریل سنہ حال سے منظور کیگئی۔ ایام رخصت میں صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول اُن کا معمولی کام کرینگے سماعت اور تصفیہ مقدمات کی کارروائی تا واپسی صاحب مجسٹریٹ ضلع ملتوی رہیگی۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مطبع ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور کن ابتدائے ۱۶ لغایت ۲۲ اپریل ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۹ ار		۱۰ ا ار	۹ ا ار	۰	۱۰ ا ار	
نخود خالص	۱۲ ا ار		۱۲ ا ار	۱۳ ا ار		۱۲ ا ار	
نخود کسہ آمیز	۱۲ ا ار		۱۳ ا ار	۱۳ ا ار		۱۳ ا ار	
کسہ	۰		۱۴ ا ار	۱۴ ا ار		۱۳ ا ار	
ماش	۷ ار		۷ ار	۷ ار		۷ ار	
مونگ	۷ ار		۷ ار	۷ ار		۷ ار	
مکا	۱۸ ا ار		۱۶ ا ار	۱۷ ا ار		۱۷ ا ار	
جئی	۰		۱۳ و ۱۴ ا ار	۱۵ ا ار	۰	۱۴ ا ار	
گوجئی	۰		۱۲ ار	۱۲ ا ار		۱۴ ا ار	
عدس	۱۰ ا ار		۱۱ ا ار	۱۰ ا ار		۱۱ ا ار	
ارہر	۱۰ ا ار		۱۳ ا ار	۰		۱۱ ا ار	
برنج	۶ ار		۶ و ۷ و ۸ ار	۶ ار		۷ ار	
روغن زرد	۰		[illegible]	[illegible]		[illegible]	
روغن سیاہ	۲ ار		[illegible]	[illegible]		۳ ار	
روغن کنجد	[illegible]		۲ ار	۱ ار		۱ ار	
نمک سامبر	۱۰ ا ار		۱۲ ا ار	۱۲ ا ار		۱۳ ا ار	
نمک لاہوری	۰		۱۱ ا ار	۸ ار		۱۳ ا ار	
قند سیاہ	۵ ار		۵ ار	۵ ار		۶ ار	
باجرہ	۱۲ ا ار		۱۱ ا ار	۰		۰	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور